سوال

(127) گراموفون سے قرآن کا سننا کیسا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گراموفون کا قرآن سننا خصوصا گراموفون کا گانا سننا کیسا ہے۔ اوراس کی خریدوفروخت کا کیا حکم ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

گراموفون فی نفسہ ایک قدرتی چیز ہے۔ جس کو صنعت سے بنایا گیا ہے۔ جیسے گھڑی وغیرہ جوالارم کرتی ہے۔ اسی الارم کو نماز کےلئے استعمال کرے۔ توجائز ہے۔ کسی بڑے کام میں شریک ہونے کےلئے کرے تو ناجائز اسی طرح گراموفون ہے۔ جواپنے داخل کے مناسب حکم رکھتا ہے۔ اس کا فروخت کرنا گھڑیوں کیطرح ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 89

محدث فتویٰ